HM Government

Grenfell community updates

# Grenfell Tower community update: November 2025 – Urdu / اردو

**گرینفیل ٹاور (Grenfell Tower) کی کمیونٹی اپ ڈیٹ: نومبر 2025**

ہمیں احساس ہے کہ گرینفیل ٹاور اس سانحے سے سب سے زیادہ اثر انداز ہونے والوں کے لئے انتہائی ذاتی اہمیت رکھتا ہے اور یہ زمین فیملیز کے لئے مقدس ہے۔ ہم آپ کو گرینفیل ٹاور کو احتیاط سے گرانے کے کام سے باخبر رکھنا چاہتے ہیں۔

اس اپ ڈیٹ میں آپ کو ذیل کے بارے میں مزید معلومات مل سکتی ہیں:

- **ٹاور کو روشن کرنا**
- **نئے بینرز کی تنصیب**
- **دھول، شور اور وائبریشن کی نگرانی کی معلومات**
- **کرسمس اور نئے سال پر کام کا شیڈول**
- **صحت اور بہبود کی معاونت**

آپ ذیل پر گزشتہ اپ ڈیٹس دیکھ سکتے ہیں: www.gov.uk/grenfell-community-updates

## ٹاور کو روشن کرنا

ہمیں معلوم ہوا ہے کہ ٹاور کو احتیاط سے گرانے کے دوران اس کی موجودگی کی واضح نشانی ہونا اہم ہے۔ ہم نے اس طرح روشنی نصب کی ہے کہ ٹاور کے ہر کونے سے اوپر کی جانب روشنی کی کرنیں چمکیں گی۔

- اتوار مورخہ 14 دسمبر سے یہ ہر رات 5 بجے سے 11 بجے تک چمکیں گی۔
- 14 دسمبر اور 14 جون کو ہم سال کی ان اہم تاریخوں کو نشانزد کرنے کے لئے سبز روشنی کی اضافی 72 کرنیں آن کریں گے۔
- ہم ہفتہ مورخہ 13 دسمبر کی شام کو مختصر وقت تک ان روشنیوں کو آن کریں گے۔
- اگر آپ دیکھنا چاہتے ہیں کہ روشنیاں کیسی نظر آئیں گی تو ہم بخوشی آپ کے ساتھ تصاویر کا اشتراک کریں گے - براہ مہربانی ہمیں ذیل پر ای میل کریں: GrenfellTowerSite@communities.gov.uk
- گرینفیل (Grenfell) کے دل والے بینرز کا مغرب سے روشن رہنا جاری رہے گا۔

## نئے بینرز کی تنصیب

ہم کام کی پیشرفت کے ساتھ ساتھ گرینفیل کے دل والے بینرز کو نیچے لا رہے ہیں۔ جنوری کے آغاز میں ہم ٹاور میں نیچے کی طرف بینرز شامل کریں گے۔ یہ شامل ہونے کے بعد ہم اوپری بینر اتار دیں گے۔

## شور، دھول اور وائبریشن کی نگرانی کی معلومات

حکومت یہ یقینی بنانے کے لئے کوشاں ہے کہ گرینفیل ٹاور کے مقام پر ہونے والا تمام کام اعلی ترین معیارات کے مطابق ہو۔ کمیونٹی اور مقام پر کام کرنے والے لوگوں کا تحفظ اور بہبود ہماری ترجیح ہے۔

ٹاور کے مقام پر وائبریشن کے تین مانیٹرز اور ہوا کے معیار کے پانچ مانیٹرز ہیں اور مقام کی حدود پر شور کے تین مانیٹرز ہیں، یہ سب براہ راست ڈیٹا اکٹھا کرتے ہیں۔ ہم ہر مہینے یہ ڈیٹا شائع کرتے ہیں۔ 29 ستمبر تا 2 نومبر کا ڈیٹ دیکھنے کے لئے براہ مہربانی در ذیل لنکس پر کلک کریں:

شور کی نگرانی کی رپورٹ - 29 ستمبر تا 2 نومبر 2025

دھول کی نگرانی کی رپورٹ - 29 ستمبر تا 2 نومبر 2025

وائبریشن کی نگرانی کی رپورٹ - 29 ستمبر تا 2 نومبر 2025

یوکے ہیلتھ سکیورٹی ایجنسی (UK Health Security Agency, UKHSA) اس کام کی انجام دہی کے دوران گرینفیل ٹاور کے ارد گرد کے علاقے میں ہوا کے معیار کا تجزیہ اور نگرانی جاری رکھے گی۔ وہ ہر مہینے اپنی رپورٹس کا اشتراک کرتے ہیں۔ آپ یہاں تازہ ترین رپورٹ دیکھ سکتے ہیں:
گرینفیل ٹاور کی آگ کے بعد ماحولیاتی نگرانی - GOV.UK

### گرینفیل ٹاور کے مقام پر کرسمس اور نئے سال پر کام کا شیڈول

- جمعہ مورخہ 19 دسمبر، صبح 8.30 تا دوپہر 12 بجے - مقام پر صبح کے عام اوقات کار
- جمعہ مورخہ 19 دسمبر، دوپہر 12 تا شام 5 بجے - دوپہر 12 بجے کام روک دیا جائے گا اور مقام کو کرسمس اور نئے سال کی تعطیلات کے لئے تیار کیا جائے گا
- پیر مورخہ 22 دسمبر تا اتوار مورخہ 4 جنوری - معمول کی سکیورٹی اور دیکھ بھال کے علاوہ مقام پر کوئی کام نہیں ہو گا
- پیر مورخہ 5 جنوری، صبح 8.30 تا شام 5 بجے - کرسمس اور نئے سال کی تعطیلات کے بعد گرینفیل ٹاور کو احتیاط سے گرانے کا کام دوبارہ شروع ہو گا

### صحت اور بہبود کی معاونت

ٹاور کو احتیاط سے گرانے کے مکمل عمل کے دوران سوگوار فیملیز، سروائیورز اور نزدیکی کمیونٹی کے رہائشیوں کے لئے جذباتی و جسمانی بہبود کی معاونت دستیاب رہے گی۔

اگر آپ کسی سے بات کرنا چاہتے ہیں تو آپ درج ذیل کام کر سکتے ہیں:

- گرینفیل بہبود کی سروس (Grenfell Wellbeing Service) کو 020 8637 6279 پر کال کریں (ہر روز صبح 8 تا رات 8 بجے)
- ہنگامی صورتحال میں سنٹرل اینڈ نارتھ ویسٹ لندن NHS فاؤنڈیشن ٹرسٹ (Central and North West London NHS Foundation Trust, CNWL) کی مرکزی رہنمائی و مشاورت لائن سے ذیل پر رابطہ کریں:
  0800 0234 650 (یہ دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے سات دن کھلی ہے)
- ای میل: grenfell.wellbeingservice@nhs.net
- مزید معلومات کے لئے ملاحظہ کریں: www.grenfellwellbeing.cnwl.nhs.uk

دستیاب خدمات کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لئے ملاحظہ کریں: www.grenfell.nhs.uk۔

### ہم سے کیسے بات کی جائے یا مزید معلومات کیسے حاصل کی جائیں

ہم اس طریقے سے معلومات کا اشتراک کرنا چاہتے ہیں جو آپ کے لئے کارآمد ہو۔ ہم آئندہ مہینوں میں ذیل پر باقاعدگی سے اپ ڈیٹس اور معلومات کا اشتراک جاری رکھیں گے:
www.gov.uk/grenfell-community-updates اگر آپ چاہیں تو ہم آپ کو براہ راست ای میل پر باقاعدہ

اپ ڈیٹس بھیج سکتے ہیں۔

اس کام پر تبادلۂ خیال کرنے، خدشات کا اشتراک کرنے اور سوالات پوچھنے کے لئے آپ ہماری باقاعدہ میٹنگز میں عہدیداران اور ہمارے مرکزی ٹھیکے دار DUK سے بات چیت کر سکتے ہیں۔ اگلی میٹنگ 16 دسمبر کو ہے - اگر آپ شرکت کرنا چاہتے ہیں تو تفصیلات کے لئے براہ مہربانی درج ذیل ای میل ایڈریس پر ہم سے رابطہ کریں۔ ہم آپ کے لئے آسان اور آرام دہ وقت، تاریخ اور مقام پر آپ کے ساتھ انفرادی یا گروہی طور پر بات کرنے کے لئے دستیاب ہیں۔

اگر اس کام کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات یا خدشات ہیں یا ہم سے گفتگو کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ہم سے رابطہ کریں۔ آپ ہم سے ذیل پر بذریعہ ای میل رابطہ کر سکتے ہیں:
GrenfellTowerSite@communities.gov.uk

گرینفیل ٹاور کی تازہ ترین خبروں اور ای میل اطلاعات کی خاطر سائن اپ کرنے کے لئے براہ مہربانی ذیل پر جائیں: www.gov.uk/grenfell-community-updates یا درج ذیل کیو آر کوڈ اسکین کریں۔

ہم آپ سے جاننا چاہیں گے کہ آپ گرینفیل ٹاور کے سانحے کے متعلق ہمارے کام کی اپ ڈیٹس کیسے وصول کرنا چاہتے ہیں۔ اگر آپ چاہیں تو آپ ہمارا مختصر رائے دہی کا فارم مکمل کر کے اپنے نظریات کا اشتراک کر سکتے ہیں:
گرینفیل (Grenfell) کمیونٹی: مواصلات پر رائے دہی کا فارم - GOV.UK

**گرینفیل ٹاور کے مقام کی انتظامی ٹیم**

**وزارت برائے رہائش، کمیونٹیز اور مقامی حکومت**